جاری ہیں،افسوس کا مقام ہے کہ اسلامی قانون اور فقہ سے نابلد نام نہاد لبرل بغیر کسی تحقیق کے مسلسل پروپیگنڈے کا شکار ہیں، زیرنظر کتاب عظیم فقیہ علامہ ابن عابدین شامیؒ کے ایک تحقیقی رسالہ کا اردو ترجمہ ہے، جسے مفتی ثناء اللہ صاحب متخصص دارالعلوم حقانیہ، رئیس دارالافتاء دارالعلوم الرحمانیہ مردان نے انتہائی عرقریزی اور ژرف بینی سے ترجمہ کیا ہے۔جس میں گستاخ رسولؐ کی سزا کے بارہ میں ائمہ اربعہ کے مذاہب کا تفصیلی بیان ،توہین اہل بیت اور توہین صحابہؓ کے بارہ میں متقدمین ومتاخرین فقہائے احناف کی آراء کا تفصیلی جائزہ عصرحاضر میں ملکی اور بین الاقوامی قوانین سمیت اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں گستاخ رسول کی سزا سمیت انتہائی اہم عنوانات شامل ہیں۔ علماء، محققین اور لکھاریوں کیلئے یہ کتاب انتہائی مفید ہے تاکہ وہ اس اہم مسئلہ کو جذبات کی بجائے دلیل کی طاقت سے دنیا کو سمجھائیں(مبصر: مولانا اسرار مدنی)

● **رب کے احسانات** تالیف: مولانا گل رئیس نقشبندی

ناشر: مکتبہ عمر فاروق،قصہ خوانی پشاور ضخامت:۹۰صفحات

زیرتبصرہ کتاب ’’رب کے احسانات‘‘سلسلہ نقشبندیہ کے روحانی بزرگ اور دارالعلوم حقانیہ کے فاضل حضرت مولانا گل رئیس خان نقشبندی صاحب،خلیفہ مجاز حضرت مولانا پیر ذوالفقار احمد نقشبندی کی تصنیف لطیف ہے، جس میں انہوں نے اللہ رب العزت کے بندوں پر انفرادی واجتماعی احسانات وانعامات کو انتہائی دلچسپ انداز میں بیان کیا ہے۔ یہ مجموعہ دراصل ان کے اصلاحی بیانات ومواعظ کا مجموعہ ہے جسے اسکے فرزند رشید صاحبزادہ عبداللہ نقشبندی نے معمولی حک واضافے کے ساتھ شائع کیا ہے۔کتاب مختصر مگر نافع ہے۔ معاشرے کے تمام افراد کیلئے یکساں مفید ہے، لیجئے اور عشق الٰہی کا حظ وافر حاصل کیجئے۔(مبصر:ابن مدنی)

● **فقہ العقائد** مؤلف: مولانا حبیب الرسول عثمانی

ضخامت:۲۷۴صفحات ناشر: جامعہ خالد بن ولید اچینی پایان پشاور

دین اسلام میں اعتقادات اصل اور بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے، یہاں تک کہ تمام اعمال کے قبول ورد کا دارمدار انہی عقائد پر ہے اگر خدانخواستہ اس میں بگاڑ پیدا ہوجائے تو اسکا انتہا انسان کی گمراہی پر منتج ہوتی ہے،اس لئے صحیح عقیدہ ہرانسان کیلئے سب سے مقدم اورنہایت لازمی چیز ہے، تاہم اس اہم اور بنیادی چیز کا فہم بھی انسان کی اہم ضرورت ہے،اسی ضرورت کے تحت بہت سی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں، اس سلسلہ کی ایک اہم کڑی مولانا حبیب الرسول عثمانی کی کتاب ’’فقہ العقائد‘‘ بھی ہے ۔زیرتبصرہ کتاب میں موصوف نے نہایت دلنشین اور سہل انداز میں اس موضوع پر طبع آزمائی کرکے علم العقائد کے تمام مباحث کو قرآن وحدیث کے علاوہ دیگر معتبر کلامی اور فقہی کتابوں کی روشنی میں نہایت تفصیل سے واضح کیا ہے،امید ہے کہ یہ کتاب تمام مکاتب فکر کیلئے یکساں مفید ثابت ہوگی،اس سے عوام الناس بھی آسانی سے مستفید ہوسکتے ہیں،اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت سے نوازے(مبصر:مفتی بہادر خان حقانی)